فیڈرل پبلک سروس کمیشن

آغا خان روڈ، سیکٹر ایف۔ فائیو۔ ون، اسلام آباد

یونیورسل ایکسیس نمبر 051-111-000-248 فون نمبر 051-9205075 فیکس نمبر: 051-9203410-9213386

ای میل: fpsc@fpsc.gov.pk، ویب سائٹ: www.fpsc.gov.pk

سی ایس ایس مسابقتی امتحان - 2020

(31 اکتوبر 2019ء یا اس سے پہلے آن لائن درخواست دیں اور آن لائن درخواست کی ہارڈ کاپی بمعہ دستاویزات ایف پی ایس سی، ہیڈکوارٹرز کو ارسال کریں جو 11 نومبر 2019ء یا اس سے پہلے تک پہنچ جائے بصورت دیگر اُمیدواریت مسترد کر دی جائیگی)

1. فیڈرل پبلک سروس کمیشن مورخہ **12 فروری 2020**ء بروز بدھ سے وفاقی حکومت کے تحت بارہ پیشہ وارانہ گروپس/سروسز میں بی ایس 17 کی اسامیوں پر تقرریوں کیلئے سی ایس ایس مسابقتی امتحان۔2020ء کا انعقاد کریگا۔

2. سی ایس ایس مسابقتی امتحان۔2020ء کی بنیاد پر کی جانے والی اسامیوں کے تعداد کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

3. امتحان کا انعقاد اُمیدواروں کی تعداد کی بنیاد پر درج ذیل امتحانی مراکز میں ہوگا:۔

1- ایبٹ آباد	2- بہاولپور	3- ڈیرہ غازی خان	4- ڈیرہ اسماعیل خان	5- فیصل آباد
6- گلگت	7- گوجرانوالہ	8- حیدر آباد	9- اسلام آباد	10- کراچی
11- لاہور	12- لاڑکانہ	13- ملتان	14- مظفر آباد	15- پشاور
16- کوئٹہ	17- راولپنڈی	18- سرگودھا	19- سکھر	

4. **اہلیت**: سیکنڈ ڈویژن بیچلرز ڈگری کے حامل مرد و خواتین بشمول معذور افراد جن کی عمر 21 تا 30 سال ہو وہ امتحان میں شرکت کے اہل ہیں۔ سی ایس ایس مسابقتی امتحان قواعد 2019ء کے قاعدہ نمبر-2 میں مذکور کسی زمرہ میں آنے والے اُمیدواروں کیلئے دستاویزی ثبوت مہیا کرنے پر عمر کی بالائی حد میں دو سال کی رعایت دی جائیگی۔ عمر، قابلیت، ڈومیسائل وغیرہ کے لحاظ سے اُمیدوار کی اہلیت کے تعین کیلئے آخری تاریخ **31 دسمبر 2019**ء ہے۔

5. **درخواست جمع کرانے کا طریقہ کار**: تمام خواہشمند اُمیدوار سی ایس ایس امتحان کیلئے آن لائن درخواست یکم اکتوبر سے **31 اکتوبر 2019**ء کے دوران جمع کروائیں۔ سی ایس ایس مسابقتی امتحان قواعد کے قاعدہ نمبر 11 کے مطابق آن لائن درخواست جمع کروانے کے بعد آن لائن فارم کی پرنٹ شدہ ہارڈ کاپی بمعہ تمام تصدیق شدہ اسناد کی نقول اور فیس مبلغ **-/2200** روپے کی اصل رسید ایف پی ایس سی ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد کو اختتامی تاریخ کے **10** دن کے اندر یعنی **11 نومبر 2019**ء تک موصول ہو جانی چاہیے۔

6. سی ایس ایس مسابقتی امتحان کیلئے آن لائن درخواست فارم، چالان فارم، قواعد اور نصاب فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ **www.fpsc.gov.pk** پر دستیاب ہیں۔

7. **آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2019ء ہے۔**

8. **اُمیدواروں کو ہدایات کی جاتی ہے کہ:۔**

(i) آن لائن فارم احتیاط سے پر کریں اور جمع کروانے سے پہلے اس کا جائزہ لیں، ہارڈ کاپی پرنٹ کریں، اور آخری تاریخ یا اس سے قبل ایف پی ایس سی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کو ارسال کریں۔ آن لائن فارم میں کسی غلط اندراج کی صورت میں ہارڈ کاپی پر ہاتھ سے تصحیح کریں اور دستخط کر کے ارسال کریں۔ بعدازاں آن لائن درخواست فارم یا اس کی ہارڈ کاپی میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

(ii) امتحانی فیس -/2200 روپے قریبی سٹیٹ بینک آف پاکستان/نیشنل بینک آف پاکستان کے ہیڈ آف اکاؤنٹ "C02101-Organs of State Exam Fee (FPSC Receipt)" میں اختتامی تاریخ سے پہلے جمع کروائیں۔

(iii) اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام مطلوبہ دستاویزات کی مصدقہ نقول، تصاویر اور مبلغ -/2200 روپے کی اصل رسید آن لائن درخواست فارم کی ہارڈ کاپی کے ساتھ منسلک ہیں۔

(iv) اختیاری مضامین کا درست چناؤ سی ایس ایس مسابقتی امتحان کے قواعد کے ضمیمہ (Appendix-I) کے مطابق کریں۔

(v) ایڈمشن سرٹیفکیٹ ایف پی ایس سی کی ویب سائٹ www.fpsc.gov.pk سے حاصل کریں اور اس ضمن میں کوئی مراسلہ بذریعہ ڈاک ارسال نہیں کیا جائے گا۔

(vi) مطلع رہیں کہ اختیاری مضامین اور امتحانی سنٹر ایک دفعہ منتخب کرنے کے بعد تبدیل نہیں کیے جائیں گے اور نہ ہی اس بارے میں کسی درخواست پر غور کیا جائے گا۔

(vii) آن لائن درخواست فارم اور اس کی ہارڈ کاپی میں کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر اور تاریخ پیدائش کا درست اندراج کریں، غلط اندراج کی صورت میں اُمیدواریت مسترد کر دی جائیگی۔

(viii) سی ایس ایس مسابقتی امتحان کے قواعد پر سختی سے عمل کریں ورنہ آپ کی اُمیدواریت مسترد کر دی جائیگی۔

(ix) آن لائن درخواست کی ہارڈ کاپی کو علیحدہ لفافے میں بھیجنا ضروری ہے۔ ایک لفافے میں دو یا زیادہ درخواستیں قابل قبول نہیں ہیں۔

(x) اُمیدوار صحیح اور مکمل معلومات کی فراہمی کے خود ذمہ دار ہیں۔

(xi) نقل کے خلاف ایف پی ایس سی سخت پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اس ضمن میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی لہٰذا اُمیدوار اس بارے میں آگاہ رہیں۔

(xiii) مزید معلومات یا سوالات کیلئے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کریں۔

یونیورسل ایکسیس نمبر: 051-111-000-248 یا 051-9210702-9223282

سیکرٹری

PID(I) 0000/18

27x4

www.fpsc.gov.pk